2024-08-07

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---------------------------------------------------------------

1. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نیوزی لینڈ کے تین دن کے سرکاری دورے پر آج آک لینڈ پہنچ رہی ہیں۔

2. بنگلہ دیش کے صدر نے نوبل انعام یافتہ محمد یونس کو عبوری سرکار کا سربراہ مقرر کیا ہے۔

3. وزارت خارجہ نے بھارتی شہریوں کو صلاح دی ہے کہ وہ لیبیا کا غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کریں۔

4. ریزرو بینک نے بینکوں سے کہاہے کہ وہ کسانوں کو فصلوں اور متعلقہ سرگرمیوں کیلئے سات فیصد کی شرح سود پر کم مدت کے قرضے فراہم کریں۔

5. ونیش پھوگاٹ اولمپکس کے فائنل میں پہنچنے والی پہلی بھارتی خاتون پہلوان بن گئی ہیں۔ انہیں کم سے کم چاندی کا تمغہ ملنا طے ہے۔

6. اور کرکٹ میں، بھارت اور سری لنکا کے درمیان تیسرا اور آخری ایک روزہ میچ آج سہ پہر کولمبو میں کھیلا جائے گا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Prex New Zealand

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نیوزی لینڈ کے تین دن کے سرکاری دورے پر آج آک لینڈ پہنچ رہی ہیں۔ وہ نیوزی لینڈ کے گورنر جنرل Dame Cindy Kiro کی دعوت پر یہ دورہ کر رہی ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو وہاں کے گورنر جنرل کے ساتھ باہمی میٹنگ کریں گی اور وزیراعظم Christopher Luxon سے ملاقات کریں گی۔

صدر جمہوریہ تعلیم سے متعلق ایک کانفرنس سے خطاب بھی کریں گی اور بھارتی برادری کے لوگوں اور فرینڈس آف انڈیا کے ساتھ گفتگو کریں گی۔ اُن کے اِس دورے سے بھارت-نیوزی لینڈ باہمی تعلقات کو مزید تقویت ملے گی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو فجی کے دو دن کے سرکاری دورے کے بعد نیوزی لینڈ جارہی ہیں۔ وہ فجی کا دورہ کرنے والی بھارت کی پہلی صدر جمہوریہ ہیں۔

محترمہ دروپدی مرمو نے فجی کے رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ میٹنگوں کے علاوہ وہاں رہنے والے بھارتی لوگوں سے گفتگو کی اور Nadi کے مقام پر سری شیو سبرامنیا مندر بھی گئیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Sri Sai

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے فجی کے دو دن کے دورے کو تاریخی نوعیت کا دورہ مانا جارہا ہے جس سے بھارت-فجی تعلقات کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔ اپنے اِس دورے میں صدرجمہوریہ نے فجی کی پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ دونوں ملکوں کو ترقی پذیر اور کم ترقی یافتہ ملکوں کی تشویش کو اجاگر کرنے کیلئے مل کر کام کرنا چاہیے۔ محترمہ دروپدی مرمو نے ایک استقبالیے میں بحرالکاہل کے خطے میں بیرون ملک آباد بھارتی شہریوں کے رول کی ستائش کی۔ اُن کے اِس دورے میں Suva کے مقام پر امراض قلب کیلئے مخصوص 100 بستروں والے اسپتال کے پروجیکٹ کیلئے اراضی الاٹ کرنے سے متعلق دستاویزات حوالے کی گئیں۔ یہ اسپتال گرانٹ کی شکل میں بھارت کی امداد سے تعمیر کیا جارہا ہے۔

اُن کا یہ دورہ ایسے وقت ہوا ہے کہ جب بھارت اور فجی کے سفارتی رابطوں کو 75 سال مکمل ہو رہے ہیں۔

فجی سے سری سائی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

Bangladesh Interim Govt

بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین نے پارلیمنٹ تحلیل کردی ہے اور نوبل انعام یافتہ محمد یونس کو عبوری سرکار کا سربراہ مقرر کیا ہے۔ کَل ڈھاکہ میں صدر شہاب الدین نے ایوان صدر میں فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہوں اور تفریق مخالف طلبا تحریک کے 13 ارکان پر مشتمل وفد کے ساتھ میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا۔

بنگلہ دیش کے صدر کے پریس سکریٹری محمد زین العابدین نے کَل رات دیر گئے نامہ نگاروں کو بتایاکہ مختلف سیاسی پارٹیوں کے ساتھ صلاح مشورہ کرکے عبوری سرکار کے دیگر ارکان کے ناموں کو حتمی شکل دی جائے گی۔

اِدھر بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی BNP کی سربراہ اور اُناسی سالہ سابق وزیراعظم خالدہ ضیا کو رہا کردیا گیا ہے۔ وہ گھر میں نظربند تھیں۔

حالیہ احتجاج اور مظاہروں کی کمان سنبھالنے والی تفریق مخالف طلبا تحریک نے اِس سے پہلے یہ کہا تھا کہ 84 سالہ محمد یونس نے عبوری سرکار کی سربراہی کرنے سے اتفاق کرلیا ہے۔ انہیں گرامین بینک کے ذریعے غربت کی روک تھام سے متعلق اُن کی مہم کے صلے میں 2006 میں نوبل امن انعام سے سرفراز کیا گیا تھا۔

اِدھر ملک کے کئی حصوں میں تشدد کے واقعات کی اطلاع ملی ہے اور جولائی کے وسط سے انتشار کے تناظر میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 440 تک پہنچ گئی ہے۔ مغربی Joshor ضلعے میں عوامی لیگ کے ایک لیڈر کے ہوٹل میں کم از کم 24 افراد کو زندہ جلادیا گیا۔ x

**RS Jaishankar Bangladesh**

بھارت، بنگلہ دیش میں انتشار کے حالات کے تناظر میں اپنے سفارتی مشن کے توسط سے وہاں اپنے شہریوں کے ساتھ لگاتار قریبی رابطہ برقرار رکھے ہوئے ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بنگلہ دیش کی صورتحال پر کَل پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اپنے طور پر بیان دیتے ہوئے کہاکہ بھارت اقلیتوں کی صورتحال کے تعلق سے حالات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔

**S Jaishankar Bangladesh -0815**

ڈاکٹر جے شنکر نے لوک سبھا اور راجیہ سبھا کو مطلع کیاکہ سرِدست تقریباً **19** ہزار بھارتی شہری بنگلہ دیش میں ہیں، جن میں **9** ہزار طلبا بھی شامل ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہاکہ ڈھاکہ میں ہائی کمیشن کی صلاح پر پچھلے مہینے بیشتر طلبا پہلے ہی بھارت واپس آچکے ہیں۔ **x**

**MEA LIbya Advisory**

وزارت خارجہ نے ایک ایڈوائزری جاری کرکے بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ اگر ضروری نہ ہو تو لیبیا کا سفر کرنے سے گریز کریں۔ اِس سے پہلے وزارت نے **23** مئی **2016** کو بھارتی شہریوں کے لیبیا جانے پر پابندی عائد کردی تھی۔

لیبیا کے موجودہ حالات کا جائزہ لیے جانے کے بعد یہ نرمی کی گئی ہے۔ لیبیا میں رہنے والے بھارتی شہریوں کو یہ صلاح دی گئی ہے کہ وہ محتاط رہیں، سڑک کے راستے ایک صوبے سے دوسرے صوبے کا سفر کرنے سے گریز کریں اور ایمرجنسی فون نمبر کے ذریعے طرابلس میں بھارتی سفارتخانے کے ساتھ رابطہ برقرار رکھیں۔ فون نمبر اس طرح ہے۔ صفر دو ایک آٹھ - نو چار تین نو - نو دو صفر چار چھ

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**Rev. National Handloom Day**

ہتھ کھرگھے کا دسواں قومی دن آج نئی دلی میں منایا جائے گا۔ نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ ہتھ کھرگھے کے بنکروں کو، اِس شعبے میں اُن کے غیر معمولی تعاون پر سنت کبیر پر اور ہتھ کھرگھے کے قومی انعامات عطا کریں گے۔

ایک رپورٹ:

**V/C Adarsh**

تقریب کے دوران نائب صدرِ جمہوریہ بھارت کے ہتھ کھرگھے کی روایات میں پائیداری نام کی ایک کتاب جاری کریں گے۔ یہ کتاب **Catalogue** اور **Coffee Table Book** ہے۔ کپڑے کی صنعتوں کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ اور کپڑے کی صنعتوں کے وزیر مملکت **Pabitra** مارگریٹا ارکانِ پارلیمنٹ، ڈیزائنرس، صنعتوں کے نمائندے، سینئر سرکاری افسران اور ملک کے ایک ہزار سے زیادہ بُنکر، اِس تقریب میں شرکت کریں گے۔ ملک بھر میں اِن تقریبات کے حصے

کے طور پر مختلف سرگرمیاں انجام دیں جائیں گے۔ تقریبات کا مقصد  ہتھ کھرگھے کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔

آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.....

## Amrit Udyan

راشٹرپتی بھون میں امرت اُدّیان، اِس مہینے کی 16 تاریخ سے اگلے مہینے کی 15 تاریخ تک کھولا جائے گا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 14  اگست کو امرت اُدّیان کی موسم گرما کی اِس نمائش کا افتتاح کریں گی۔

ایسا پہلی بار ہے کہ 29 اگست کی تاریخ، کھیلوں کے قومی دن کے موقع پر، کھیلوں سے وابستہ افراد کے لیے  مختص کی گئی ہے۔ 5 ستمبر کی تاریخ، اساتذہ کے دن کے موقع پر اساتذہ کے لیے مختص کی گئی ہے۔

لوگ امرت اُدّیان میں، راشٹرپتی بھون کے گیٹ نمبر 35 سے داخل ہو سکیں گے۔ اِس کے لیے آن لائن بکنگ، راشٹرپتی بھون کی ویب سائٹ کے ذریعے کی جا سکتی ہے اور گیٹ نمبر 35 کے باہر قائم کیے گئے Kiosks پر خود جاکر بھی کی جا سکتی ہے۔x

## RBI Interest Subvention

ریزرو بینک نے بینکوں سے کہاہے کہ وہ کسانوں کو فصلوں اور متعلقہ سرگرمیوں کیلئے سات فیصد کی شرح سود پر کم مدت کے قرضے فراہم کریں۔ اِن قرضوں کی مجموعی حد تین لاکھ روپے ہوگی۔ ایک نوٹیفکیشن میں مرکزی بینک نے کہاہے کہ سال 2024-25 کیلئے قرضے دینے والے اداروں کے واسطے شرح سود کی مالی امداد ڈیڑھ فیصد رہے گی۔ ریزروبینک نے کہاہے کہ اُن کسانوں کو سود پر اضافی تین فیصد امداد فراہم کی جانی چاہیے جو اپنے قرضے وقت پر واپس ادا کرتے ہیں۔ x

## SBI Chairman

سرکار نے CS Setty کو تین سال کی مدت کیلئے اسٹیٹ بینک آف انڈیا کا چیئرمین مقرر کیا ہے۔ وہ بینک کے سب سے سینئر MD ہیں۔ جناب Setty اِس مہینے کی 28 تاریخ کو موجودہ چیئرمین دنیش کمار Khara کی جگہ یہ عہدہ سنبھالیں گے۔

کابینہ کی تقرر سے متعلق کمیٹی نے اِس سلسلے میں مالی خدمات کے محکمے کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔ x

## US Kamala Harris

امریکہ کی نائب صدر کملا ہیرس کو، ڈیمو کریٹک پارٹی نے اپنے صدارتی امیدوار کے طور پر باقاعدہ نامزد کردیا ہے۔ ہیرس ایسی پہلی بھارت نژاد امریکی ہیں جنھوں نے کسی بڑی سیاسی پارٹی کی طرف سے نامزدگی حاصل کی ہے۔ اپنی امیدواری کے بعد ہیرس نے، **Minnesota** کے گورنر **Tim Walz** کو اپنا نائب صدارتی امیدوار چنا۔

پارٹی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ **99**ویں فیصد مندوبین نے کملا ہیرس کے حق میں ووٹ دیے ہیں۔**x**

## Hurricane DEBBY

امریکہ میں، شدید آندھی طوفان **Debby**، جو کَل فلوریڈا پہنچا تھا، اب ایک استوائی طوفان میں بدل گیا ہے۔ اِس کی وجہ سے پورے جنوبی امریکہ میں ایک دہشت پھیلی ہوئی ہے۔ آندھی طوفان سے متعلق قومی مرکز **NHC** نے جیورجیا، جنوبی کیرولینا اور شمالی کیرولینا کے علاقوں میں ممکنہ شدید بارش کے سبب قدرتی آفت کے تئیں خبردار کیا ہے۔

**NHC** نے پیش گوئی کی ہے کہ اِن خطوں میں جمعے کے روز سے موسلا دھار بارش ہو سکتی ہے اور اِس کی وجہ سے شدید قسم کا سیلاب آسکتا ہے۔ اِس کے پیشِ نظر، جیورجیا، جنوبی کیرولینا اور شمالی کیرولینا کے گورنروں نے ایمرجنسی کا اعلان کردیا ہے۔**x**

## Punjab Teaser and Brochure

پنجاب میں، امرتسر کے قریب اٹاری مشترکہ چیک پوسٹ پر ایک **Teasure** اور **Brouchure** جاری کیا گیا ہے، جس میں بھارت کا سب سے اونچا ترنگا جھنڈا دکھایا گیا ہے۔ اِس جھنڈے کی تصویر قدرتی مناظر کی تصویریں کھینچنے والے اور وراثت کو فروغ دینے والے آرٹسٹ ہرپریت سندھو نے لی ہے اور انھوں نے ہی یہ **Teasure** تیار کیا ہے۔ اِس کا مقصد اٹاری پر ایک جاذبِ نظر یادگار کو فروغ دینا ہے اور اِسے **78**ویں یومِ آزادی کے نام وقف کیا گیا ہے۔

ایک رپورٹ

## V/C Shishu Sharma

**BSF** کے ڈپٹی کمانڈینٹ دیویندر پال سنگھ نے اٹاری مشترکہ چیک پوسٹ پر منعقدہ ایک تقریب میں ایک **Teasure** اور تصویروں پر مبنی **Brochure** کا اجرا کیا، جس میں بھارت کا بلند ترین قومی پرچم دکھایا گیا ہے۔ اِس **Teasure** میں وطن پرستی کے جذبے کے تحت **418** فُٹ اونچا جھنڈا دکھایا گیا ہے۔ یہ جھنڈا چار فٹ کی ایک بنیاد پر قائم کیا گیا ہے۔ یہ قومی پرچم تقریباً **200** کلوگرام وزن کا ہے۔ یہ پرچم **130** فٹ لمبا اور **80** فٹ چوڑا ہے۔ اِس کی خاص بات یہ ہے کہ یہ سرحد پر پاکستان کے جھنڈے سے **18** فٹ اونچا ہے۔

جالندھر سے شِشو شرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

## IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیاتIMD نے ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آئندہ چار روز کے دوران دور دور تک بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

ہماچل پردیش، مغربی اترپردیش، مشرقی مدھیہ پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی آج بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِس دوران جموں وکشمیر، مشرقی اترپردیش، مشرقی راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں اگلے دو سے تین روز کے دوران شدید بارش کے حالات رہیں گے۔ تمل ناڈو، ساحلی آندھرا پردیش، تلنگانہ اور گوا میں بھی اسی طرح کے موسم کے حالات رہیں گے۔ x

## Olympics

پیرس اولمپکس میں آج بھارت کی خاتون پہلوان، وِنیش پھوگاٹ، 50 کلو کے فری اسٹائل زمرے کے فائنل میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔ وِنیش پہلی خاتون پہلوان ہیں، جو اولمپکس کے فائنل میں پہنچی ہیں۔ اب اُن کا مقابلہ امریکہ کی **Sarah Ann Hilderbrandt** سے ہوگا۔ یہ مقابلہ بھارتی وقت کے مطابق رات پونے دس بجے ہوگا۔

اِس کے علاوہ آج سب کی نگاہیں **Manika Batra**، سریجا اکولا اور ارچنا کامت کی، ٹیبل ٹینس ٹیم پر بھی ہیں۔ یہ ٹیم آج دوپہر کوارٹر فائنل میچ میں اپنے سے اونچے درجے کی جرمنی کی ٹیم سے مقابلہ کرے گی۔

ایتھیلیٹکس میں **Surya Panwar** اور پرینکا چودھری، **Marathon Race Walk Relay Mixed** میں اپنی کاکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

شام کے وقت ٹوکیو 2020 میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی میرا بائی چانو اولمپکس میں ایک بار پھر اپنی کارکردگی پیش کریں گی وہ رات گیارہ بجے خواتین کے 49 کلو کے زمرے میں ویٹ لفٹنگ کے جوہر دکھائیں گی۔

بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم کَل پیرس اولمپکس کے سیمی فائنل میں جرمنی کے ہاتھوں دو-تین سے ہار گئی۔ اب بھارت کا مقابلہ کانسے کے تمغے کے لیے اسپین سے ہوگا۔x

## Cricket ODI

بھارت اور سری لنکا کے درمیان تیسرا اور آخری ایک روزہ میچ آج کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں کھیلاجائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ سری لنکا کو تین میچوں کی سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل ہے۔ اُس نے دوسرا ایک روزہ میچ 32 رن سے جیت لیا تھا۔ پہلا میچ ٹائی پر ختم ہوا تھا۔ بھارتی ٹیم کی کوشش ہوگی کہ وہ سری لنکا کے خلاف کوئی بھی میچ نہ ہارنے کے موجودہ سلسلے کو برقرار رکھے۔ بھارت نے 1997 کے بعد سے سری لنکا سے کوئی بھی کرکٹ سیریز نہیں ہاری ہے۔ x